# 36370-اس کے پاس مال نہیں ہے اور کسی دوسرے کی جانب سے معاوضہ کے ساتھ حج کرنا چاہتا ہے

## سوال

ایک شخص نے اپنا فریضہ حج ادا نہیں کیا، اور نہ ہی اس کے پاس حج کے لیے مال ہے ، توکیا اس کے لیے معاوضہ حاصل کرکے کسی میت یا بوڑھے کی جانب سے حج کرنا جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

کسی شخص کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنا فریضہ حج ادا کیے بغیر کسی دوسرے کی جانب سے حج ادا کرے ، اس کی دلیل ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا کہ ایک شخص کہہ رہا تھا : لبیک عن شبرمہ میں شبرمہ کی طرف سے حاضر ہوں ، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

کیا تونے اپنی طرف سے حج کی ادائیگی کرلی ہے ؟ وہ شخص کہنے لگا نہیں ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اپنی طرف سے حج ادا کرو اور پھر شبرمہ کی جانب سے ادا کرنا ۔

اسے ابوداود نے روایت کیا ہے ، اور علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے ارواء الغلیل میں صحیح قرار دیا ہے دیکھیں : الارواء (994) ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .